سوال

(50) حائضہ اورادائیگی نماز

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر عورت سورج غروب ہونے سے پہلے پاک ہوجائے توکیا اس پر ظہر اور عصر کی نماز واجب ہوگی؟ اسی طرح اگر وہ سورج طلوع ہونے سے قبل پاک ہوجائے توکیا اس پر مغرب اور عشاء کی نماز واجب ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر حیض یا نفاس والی عورت سورج غروب ہونے سے قبل پاک ہوجائے تو علماء کے صحیح قول کی رو سے اس پر ظہر اور عصر کی نماز ادا کرنا واجب ہوگا۔ اسی طرح اگر وہ طلوع فجر سے پہلے پاک ہوجائے تو اس پر مغرب اور عشاء کی نماز ادا کرنا واجب ہوگا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے یہی منقول ہے۔ جبکہ جمہور علماء کا بھی یہی قول ہے۔ اسی طرح حائضہ عورت اگر سورج طلوع ہونے سے قبل پاک ہوجائے تو اس پر نماز فجر کی ادائیگی واجب ہوگی۔ وباللہ التوفیق۔۔ شیخ ابن باز۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

طہارت، صفحہ: 87

محدث فتویٰ